کتاب الصلوٰۃ وما یلزم لہا (اردو)

مصنفہ امام احمد بن حنبلؒ۔ مترجمہ شیخ علی جواد صاحب
کتابی سائز صفحات ۱۵۴

قیمت: مجلد مع خوبصورت گردپوش ایک روپیہ آٹھ آنے

ناشر:۔ نور محمد کارخانہ تجارت کتب آرام باغ کراچی۔

اللہ تعالیٰ سے تقرب کا سب سے بڑا ذریعہ نماز ہے اور تکمیل فرد کے لئے بنیادی پتھر بھی۔ مگر افسوس کہ اولاً مسلمانوں میں نمازی ہی تھوڑے ہیں۔ پھر جو لوگ نماز پڑھتے ہیں ان میں وہ لوگ اور بھی کم ہیں جو ٹھیک ٹھیک نماز کو ادا کرتے ہوں۔ حالانکہ نماز پر جو روحانی اور اجتماعی اجر و فوائد مترتب ہوتے ہیں۔ وہ وہی نماز ہے۔ جو سنتِ نبویہ علی صاحبہا الف الف تحیۃ کے مطابق پڑھی جائے اور اس میں پورے شروط و آداب ملحوظ رکھے جائیں۔

کتاب الصلوٰۃ (اردو) ایسے ہی ضروری مسائل پر مشتمل ہے جن کا علم حاصل کرنا ہر مسلمان اور نمازی کے لئے ضروری ہے خاص فائدہ اس جامع کتابچے میں یہ ہے کہ تھوڑے وقت میں اہم مسائل متعلقہ نماز سے خاصی واقفیت ہو جاتی ہے۔ بعض جگہ توضیحی نوٹ بھی بہت مفید ہیں۔

شروع میں ۶۵ صفحے تک حضرت امام احمد بن محمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کے سوانح حیات کا جناب مترجم نے بہت اہم اضافہ کیا ہے۔ جس سے حضرت امام کا اجمالی تعارف ہو جاتا ہے مگر قاضی ابن ابی دؤاد کو جگہ جگہ (مثلاً ص۵۱) ابن ابی داؤد لکھا ہے جو درست نہیں۔

ہاں ایک گذارش یہ ہے کہ گو یہ رسالہ حضرت امام احمد کی طرف منسوب ہو کر متعدد مرتبہ مصر وغیرہ میں طبع ہو چکا ہے لیکن اس امر کی طرف شاید کسی نے توجہ نہیں کی کہ رسالہ کے ابتداء میں کہا گیا ہے، کہ یہ رسالہ مہنا بن یحییٰ الشامی کی روایت سے طبقات الحنابلہ لابن ابی یعلیٰ سے ماخوذ ہے (ترجمہ ص۷۱) مگر طبقات الحنابلہ مطبوعہ میں مہنا مذکور کے ترجمے میں اس کا نشان تک نہیں (ص ۲۵۰ — ۲۵۲۔ طبع دمشق)

علاوہ ازیں اس رسالہ میں کئی ایسی روائتیں ہیں جو "غرائب" کے درجے میں آتی ہیں مثلاً۔ یاتی علی الناس یصلون ولا یصلون (ص۸۲) ویل للعالم من الجاھل حیث لا یعلمہ (ص۸۳) لا یقبل اللہ نافلۃ حتی تودی الفریضۃ (ص۱۱۷) اجعلوا امر دینکم الی